تبصرے

مکاتیبِ میرزا مظہر | مرتبہ جناب عبدالرزاق صاحب قریشی۔ تقطیع متوسط ضخامت ۲۷۶ صفحات۔ کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت آٹھ روپیہ۔ پتہ:۔ علوی بک ڈپو۔ محمد علی روڈ بمبئی ۳۔

لائق مرتب حضرت مرزا مظہر جان جاناں کے سوانح حیات اور اُردو کلام پر ایک کتاب پہلے شائع کر چکے ہیں جس پر انھیں دنوں میں تبصرہ ہو چکا ہے۔ اب انھوں نے اِدھر اُدھر سے فراہم کرکے مرزا صاحب کے ۱۰۴ خطوط کا یہ مجموعہ شائع کیا ہے۔ یہ خطوط محض نجی اور گھریلو ہیں اس بنا پر ان میں نہ علمی اور فنی مباحث ہیں اور نہ اسرار و رموز و معرفت۔ البتہ مرزا صاحب کی خانگی زندگی سے متعلق بعض باتیں (مثلاً بیوی کی تنک مزاجی اور بد دماغی) جو عوام میں مشہور ہیں ان خطوط سے ان کی تصدیق ہوتی ہے اس کے علاوہ بعض خطوط سے آپ کے اخلاقی اوصاف و کمالات مثلاً اُمرار اور رؤسار سے تعلقات کے باوجود ان کے ساتھ خود داری سے ملنا۔ ان پر بھی روشنی پڑتی ہے۔ بعض مکاتیب میں اُس وقت کے سیاسی حالات کی طرف بھی جستہ جستہ اشارے ہیں۔ بس خطوط کا یہی فائدہ اور اہمیت ہے۔ البتہ اس کو مرتب بڑی محنت سے کیا گیا ہے شروع میں ایک مقدمہ ہے جس میں مکاتیب کے ملنے کی داستان بیان کرنے کے بعد مکاتیب کی اہمیت۔ اُس کے مضامین اور زبان پر فاضلانہ اور ناقدانہ گفتگو کی گئی ہے اور آخر میں جتنے مکتوب الیہم ہیں اُن سب پر تعارفی نوٹ ہیں۔ کہیں مفصل اور اکثر مختصر۔ آخر میں مقدمہ اور تشریحات کے مآخذ کی ایک فہرست ہے جو بجائے خود مفید ہے۔ اس اعتبار سے کتاب قابلِ قدر اور تاریخ و ادب کے طلبار کے لئے لائق مطالعہ ہے۔

(۱) مولانا ظفر علی خاں صفحات ۱۰ قیمت دو روپے
(۲) حمید نظامی صفحات ۱۱۱ قیمت دو روپے پچیس پیسے
(۳) افکار الدین صفحات ۱۶ قیمت ایک روپیہ پچاس پیسے

از جناب شورش کشمیری، تقطیع خورد چوٹی کتابت مکاتیب میں سے اور باقی